53986
395

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام درجِ ذیل مسائل کے بارے میں:

(۱) فقہاء احناف رحمہم اللہ نے عاشوراء کے روزے کے متعلق فرمایا کہ صرف دسویں محرم کا روزہ رکھنا مکروہ ہے جبکہ نبی کریم ﷺ نے ساری زندگی دسویں محرم کا روزہ رکھا ہے۔ کسی روایت سے یہ ثابت نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے دسویں محرم کے ساتھ نویں یا گیارہویں کا روزہ رکھا ہو۔ تو کیا آنحضرت ﷺ کا یہ فعل مکروہ تھا؟

(۲) صرف نویں محرم کا روزہ رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ اور کیا اکیلا نویں محرم کا روزہ مکروہ ہے؟ اگر کوئی شخص صرف نویں محرم کا روزہ رکھے تو کیا اسے عاشورا کی فضیلت حاصل ہو گی؟

(۳) دسویں محرم کے ساتھ نویں یا گیارہویں محرم کا روزہ ملانے کے بارے میں فقہائے احناف کا کیا موقف ہے؟ آیا انہوں نے دونوں کو کراہت سے بچنے کے لیے مساوی قرار دیا ہے؟ اس بارے میں فقہائے احناف کی کیا تصریحات ہیں؟

(۴) بعض حضرات یہ فرماتے ہیں کہ "افضل یہ ہے کہ دسویں محرم کے ساتھ نویں محرم کو ملایا جائے کیونکہ مستند روایات کے مطابق آنحضرت ﷺ نے یوم التاسع من المحرم کے روزے کا عزم فرمایا تھا اور روایات میں "او بعدہ یوما" کی جو زیادتی ہے وہ متکلم فیہ ہے" تو کیا واقعۃً یہی صورت افضل ہے کہ یہود کی مشابہت اور کراہت سے بچنے کے لیے دسویں محرم کے ساتھ بجائے گیارہویں محرم کا روزہ رکھنے کے نویں محرم کا روزہ رکھا جائے؟

بیّنوا بالدّلیل توجروا من الجلیل

نام: محمد یاسین

0315.2380171

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۵۸/۱۸۴۶
مورخہ

(جواب منسلکہ اوراق پر ملاحظہ فرمائیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب بعون ملهم الصواب

(۱)اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے تاحیات دسویں محرم کا روزہ رکھا ہے، لیکن آخر عمر میں جب آنحضرت ﷺ کو اس طرف متوجہ کیا گیا کہ آپ نے عبادات میں یہود ونصاریٰ کی موافقت اور مشابہت سے بچنے کی تلقین فرمائی ہے جبکہ یہود دسویں محرم کوروزہ رکھتے ہیں اور مسلمان بھی دسویں محرم کوہی روزہ رکھتے ہیں، جس سے انکی مشابہت لازم آرہی ہے تو اس پر آنحضرت ﷺ نے خود اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ اگر اگلے سال تک اللہ تعالیٰ نے زندگی دی تو اگلے سال نویں محرم کو بھی روزہ رکھوں گا؟ لیکن اگلے سال محرم آنے سے پہلے ہی آنحضرت ﷺ اس دنیا سے پردہ فرماگئے، لہٰذا فقہاء احنافؒ نے جو یہ بیان کیا کہ صرف اکیلا دسویں محرم کا روزہ رکھنا پسندیدہ نہیں بلکہ خلافِ اولی ہے اسکی اصل وجہ آنحضرت ﷺ کی یہی خواہش ہے جو آنحضرت ﷺ نے آخری عمر میں یہود کی مشابہت سے بچنے کے لئے ظاہر فرمائی تھی۔ واضح رہے کہ فقہاء احناف نے جو صرف دسویں محرم کے روزہ کو مکروہ لکھا اس مکروہ سے مراد خلافِ افضل اور خلافِ اولیٰ ہے۔ ورنہ خالی عاشورہ کا روزہ رکھنا بھی جائز ہے، نہ ممنوع ہے، نہ مکروہ ہے۔

سمعت عبد الله بن عباس رضي الله عنهما يقول حين صام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم عاشوراء وأمر بصيامه قالوا * يا رسول الله إنه يوم تعظمه اليهود والنصارى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فإذا كان العام المقبل إن شاء الله صمنا اليوم التاسع قال فلم يأت العام المقبل حتى توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم[صحيح مسلم - ١/ ٧٩٧]

وفي العرف الشذي للكشميري (٢/ ٢٥٥)

وأما ما في الدر المختار من كراهة صوم عاشوراء منفرداً تنزيهاً فلا بد من التأويل فيه أي أنها عبادة مفضولة من القسمين الباقيين ، ولا يحكم بكراهة فإنه عليه الصلاة والسلام صام مدة عمره صوم عاشوراء منفرداً وتمنى أن لو بقي إلى المستقبل صام يوماً معه

(۲) نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ رمضان المبارک کے بعد دوسرے تمام مہینوں سے افضل روزہ محرم کے مہینہ کا روزہ ہے۔ لہٰذا محرم کے مہینہ میں کسی بھی دن روزہ رکھنا مکروہ نہیں۔ اس لئے صرف نویں محرم کا روزہ رکھنا بھی بلاکراہت جائز ہے۔ اور جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ نویں محرم کو روزہ رکھنے سے عاشوراء کا ثواب حاصل ہوگا یا نہیں؟ تو اسکا جواب یہ ہے کہ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ عاشوراء دسویں محرم کو کہتے ہیں اور عاشوراء کی اصل فضیلت اسی صورت حاصل ہوگی جب دسویں تاریخ کو روزہ رکھا جائے اور بہتر ہے نویں محرم کے ساتھ دسویں محرم کا روزہ رکھا جائے، یا دسویں محرم کے ساتھ گیارہویں محرم کا روزہ رکھا جائے یعنی آدمی دو تاریخوں کا روزہ رکھے۔ اس لئے اصل حکم تو یہی ہے کہ جمہور کے مذہب کے مطابق عمل کیا جائے اور عاشوراء کی فضیلت حاصل کرنے کے لئے مذکورہ بالا تفصیل کے مطابق دو روزے اکھٹے رکھے جائے۔ واضح رہے کہ بعض ائمہ کرام نے جو یہ فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کا قول (فإذا كان العام المقبل إن شاء الله صمنا اليوم التاسع) مختلف احتمال رکھتا ہے اور اس میں ایک احتمال یہ بھی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے بشرطِ زندگی اگلے سال صرف نویں محرم کا روزہ رکھنے کا عزم فرمایا تھا۔ یہ قول چونکہ جمہور کے نزدیک مرجوح ہے اور علماء محققین نے اسی بات کو ترجیح دی ہے کہ اس قول میں آنحضرت ﷺ نے دسویں محرم کے ساتھ نویں محرم کا روزہ رکھنے کا عزم فرمایا ہے، اس لئے اس قول کو بنیاد بناکر صرف نویں محرم الحرام کو عاشوراء قرار دینا جمہور کے نزدیک درست نہیں۔

دار الافتاء

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم * أفضل الصيام بعد رمضان شهر الله المحرم(صحيح مسلم ٢/ ٨٢١)

في مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح (٦/ ٣٦٤

وروي عن ابن عباس إنه قال صوموا التاسع والعاشر وخالفوا اليهود وإليه ذهب الشافعي وبعضهم إلى أن المستحب صوم التاسع فقط وقال ابن الهمام يستحب صوم يوم عاشوراء ويستحب أن يصوم قبله يوما أو بعده يوما فإن أفرده فهو مكروه للتشبه باليهود اه وروى أحمد عن صوموا يوم عاشوراء وخالفوا اليهود وصوموا قبله يوما وبعده يوما وظاهره إن الواو بمعنى أو لأن المخالفة تحصل بأحدهما وأخذ الشافعي بظاهر الحديث فيجمعون بين الثلاثة والله أعلم

وفي عمدة القاري شرح صحيح البخاري (١٧/ ١٣٤،)

اختلفوا فيه في أي يوم فقال الخليل هو اليوم العاشر والاشتقاق يدل عليه وهو مذهب جمهور العلماء من الصحابة والتابعين ومن بعدهم فممن ذهب إليه من الصحابة عائشة ومن التابعين سعيد بن المسيب والحسن البصري ومن الأئمة مالك والشافعي وأحمد وإسحاق وأصحابهم وذهب ابن عباس إلى أن عاشوراء هو اليوم التاسع وفي (المصنف) عن الضحاك عاشوراء اليوم التاسع وفي (الأحكام) لابن بزيزة اختلف الصحابة فيه هل هو اليوم التاسع أو اليوم العاشر أو اليوم الحادي عشر

وفي التمهيد لما في الموطأ من المعاني والأسانيد (٧/ ٢١٣)

واختلف العلماء في يوم عاشوراء فقالت طائفة هو اليوم العاشر من المحرم وممن روى ذلك عنه سعيد بن المسيب والحسن بن أبي الحسن البصري وقال آخرون هو اليوم التاسع منه واحتجوا بحديث الحكم بن الأعرج قال أتيت ابن عباس في المسجد الحرام فسألته عن يوم عاشوراء فقال اعدد فإذا أصبحت يوم التاسع فأصبح صائما قلت كذلك كان محمد يصوم قال نعم صلى الله عليه وسلم وقد روي عن ابن عباس القولان جميعا وقال قوم من أهل العلم من أحب صوم عاشوراء صام يومين التاسع والعاشر وأظن ذلك احتياطا منهم والله أعلم وممن روي عنه ذلك ابن عباس أيضا وأبو رافع صاحب أبي هريرة وابن سيرين وقاله الشافعي وأحمد وإسحاق وروى يحيى القطان عن ابن أبي ذئب عن شعبة مولى ابن عباس قال كان ابن عباس يصوم عاشوراء في السفر ويوالي بين اليومين مخافة أن يفوته وروى ابن عون عن محمد بن سيرين أنه كان يصوم العاشر فبلغه أن ابن عباس كان يصوم التاسع والعاشر فكان ابن سيرين يصوم التاسع والعاشر وذكر عبد الرزاق قال أنبأ ابن جريج أخبرني عطاء أنه سمع ابن عباس يقول خالفوا اليهود وصوموا التاسع وفي اختلاف العلماء في يوم عاشوراء واهتبالهم بذلك دليل على فضله والله أعلم

وفي كشف المشكل من حديث الصحيحين. النمؤلف / أبو الفرج عبد الرحمن ابن الجوزي، ص: ٥٩٣

قال رسول الله {صلى الله عليه وسلم} لئن بقيت إلى قابل لأصومن التاسع فلم يأت العام المقبل حتى توفي رسول الله {صلى الله عليه وسلم} وفي رواية قال ابن عباس إذا رأيت هلال المحرم فاعدد وأصبح يوم التاسع صائما قلت هكذا كان محمد يصومه قال نعم اعلم أن رسول الله {صلى الله عليه وسلم} حين قدم المدينة رأى اليهود يصومون يوم عاشوراء فصامه وأمر بصيامه فلما نزلت فريضة رمضان لم يأمرهم بغيره فبقي ذلك اليوم يتطوع بصومه فأراد مخالفة اليهود في آخر عمره فمات {صلى الله عليه وسلم} وفي قوله إذا كان العام المقبل صمنا يوم التاسع أربعة أوجه أحدها أن يكون أراد صوم التاسع عوضا عن العاشر ليخالف اليهود والثاني أن يكون أراد صوم التاسع والعاشر ليخالفهم والثالث أن يكون كره صوم يوم مفرد فأراد أن يصله بيوم آخر والرابع أن التاسع هو عاشوراء وهذا مذهب ابن عباس كما ذكرنا وإنما أخذه ابن عباس من أعشار أوراد الإبل والعشر عندهم

دار الإفتاء

تسعة أيام وذلك أنهم يحصون في الأظماء الورد فإذا وردوا يوما وأقاموا في المرعى يومين ثم أوردوا اليوم الثالث قالوا أوردنا أربعاً وإنما هو اليوم الثالث فإذا أقاموا في المرعى ليلا ووردوا اليوم الرابع قالوا أوردنا خمسا وعلى هذا الحساب فعاشوراء على هذا القياس إنما هو اليوم التاسع

وفي معرفة السنن والآثار- البيهقي ٦/ ٣٤١

من صام التاسع فله أجره على نيته .وقول ابن عباس : ولا تشبهوا بيهود .لأنه كره موافقة اليهود في إفراده وأحب وصله بغيره . وأما حديث التاسع فيحتمل عندي وجوهاً : أحدها : أن يريد صومه احتياطاً فربما نقص الهلال ويكون الغيم فيكمل العدة | ثلاثين فيكون التاسع في العدد هو العاشر من الهلال .فأحب أن لا يفوته . ويحتمل : ما قال ابن عباس من مخالفة اليهود .ويحتمل : أن يكون التاسع هو العاشوراء والعامة تصوم يوم العاشر وهو باطل أولى وأمره التطوع ولو كان فرضاً ما اختلفوا في وقته . قال أحمد : وقد روينا عن الحكم بن الأعرج أنه سأل ابن عباس عن صوم يوم عاشوراء فقال : إذا رأيت هلال المحرم فعد فإذا كان يوم التاسع فأصبح صائماً . قلت : هكذا كان محمد صلى الله عليه وسلم ؟ قال : نعم . وكأنه أراد بقوله : نعم ما روي في الحديث قبله من عزمه صلى الله عليه وسلم على صومه والله أعلم .

وفي المنهاج شرح النووي على مسلم ٨/ ١٢(المؤلف : أبو زكريا يحيى بن شرف بن مري النووي)

عن بن عباس أن النبي صلى الله عليه و سلم صام يوم عاشوراء فقالوا يا رسول الله إنه يوم تعظمه اليهود والنصارى فقال رسول الله صلى الله عليه و سلم فاذا كان العام المقبل ان شاء الله تعالى صمنا اليوم التاسع قال فلم يأت العام المقبل حتى توفى رسول الله صلى الله عليه و سلم) هذا تصريح من بن عباس بأن مذهبه ان عاشوراء هو اليوم التاسع من المحرم ويتأوله على أنه مأخوذ من اظماء الابل فان العرب تسمى اليوم الخامس من أيام الورد ربعا وكذا باقي الايام على هذه النسبة فيكون التاسع عشرا وذهب جماهير العلماء من السلف والخلف إلى أن عاشوراء هو اليوم العاشر من المحرم وممن قال ذلك سعيد بن المسيب والحسن البصري ومالك وأحمد واسحاق وخلائق وهذا ظاهر الاحاديث ومقتضى اللفظ وأما تقدير اخذه من الاظماء فبعيد ثم ان حديث بن عباس الثاني يرد عليه لانه قال أن النبي صلى الله عليه و سلم كان يصوم عاشوراء فذكروا أن اليهود والنصارى تصومه فقال أنه في العام المقبل يصوم التاسع وهذا تصريح بأن الذي كان يصومه ليس هو التاسع فتعين كونه العاشر قال الشافعي وأصحابه وأحمد واسحاق وآخرون يستحب صوم التاسع والعاشر جميعا لأن النبي صلى الله عليه و سلم صام العاشر ونوى صيام التاسع

(۳) فقہاء احناف رحمہم اللہ کی تصریحات کے مطابق مذکور مشابہت سے بچنے کے لئے دسویں محرم کے ساتھ نویں یا گیارھویں محرم کا روزہ رکھنا بھی مستحب ہے۔

بہشتی زیور میں ہے:

محرم کی دسویں تاریخ روزہ رکھنا مستحب ہے۔حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی یہ روزہ رکھے اس کے گزرے ہوئے ایک سال کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔اوراس کے ساتھ نویں یا گیارھویں تاریخ روزہ رکھنا بھی مستحب ہے صرف دسویں کو روزہ رکھنا مکروہ ہے۔(یعنی خلافِ اولیٰ ہے)

وفی فتح القدیر باب ما یوجب القضاء والکفارۃ(۲/ ۳۵۰)

وکذا صوم یوم عاشوراء ویستحب ان یصوم قبلہ یوما وبعدہ یوما فان افردہ فھو مکروہ للتشبہ بالیھود

وفی قاضي خان :۱۰۱/۱

" ویستحب ان یصوم یوم عاشوراء بصوم یوما قبلہ او یوما بعدہ لیکون مخالفا لأھل الکتاب "

وصوم عاشوراء وهو اليوم العاشر من المحرم عند عامة العلماء والصحابة رضي الله تعالى عنهم كذا في الظهيرية المسنون أن يصوم عاشوراء مع التاسع كذا في فتح القدير ويكره صوم عاشوراء مفردا كذا في محيط السرخسي

وفی بدائع الصنائع (۲/ ۷۹)

وَكَرِهَ بَعْضُهُمْ صَوْمَ يَوْمِ عَاشُورَاءَ وَحْدَهُ لِمَكَانِ التَّشَبُّهِ بِالْيَهُودِ ولم يَكْرَهْهُ عَامَّتُهُمْ لِأَنَّهُ من الْأَيَّامِ الْفَاضِلَةِ فَيُسْتَحَبُّ امْتِدْرَاكُ فَضِيلَتِهَا بِالصَّوْمِ

وفی حاشیة ابن عابدین (۲/ ۳۷۵)

والظاهر أن صوم عاشوراء من القسم الثاني بل سماه في الخانية مستحبا فقال ويستحب أن يصوم يوم عاشوراء بصوم يوم قبله أو يوم بعده ليكون مخالفا لأهل الكتاب ونحوه في البدائع

وفی حاشیة ابن عابدین (۲/ ۳۷۶)

ويظهر من هذا أنه لو جاء عاشوراء يوم الأحد أو الجمعة لا يكره صوم السبت معه وكذا لو كان قبله أو بعده يوم المهرجان أو النيروز لعدم تعمد صومه بخصوصه والله تعالى أعلم

نور الإيضاح ص: ۱۰۱

وأما المسنون فهو صوم عاشوراء مع التاسع (الى قوله) وأما المكروه فهو قسمان مكروه تنزيها ومكروه تحريما الأول صوم عاشوراء منفردا عن التاسع

(۴) جیساکہ عرض کیا گیا کہ جمہور علماء کا مذہب یہی ہے کہ عاشوراء کی اصل فضیلت اسی صورت حاصل ہوگی جب دس محرم کے ساتھ نو محرم کا بھی روزہ رکھا جائے، ورنہ دس محرم کے ساتھ گیارہ محرم کا روزہ رکھ لیا جائے۔ نیز روایات میں بھی دونوں باتیں مروی ہیں، نیز یہ حدیث حضرت ابن عباسؓ سے مرفوعاً اور موقوفاً دونوں طرح مروی ہیں۔ لیکن محدثین کرام نے موقوف روایت کو زیادہ صحیح قرار دیا جس میں نویں محرم کے روزے کا ذکر ہے، گیارہویں محرم کے روزے کا اس میں ذکر نہیں، نیز نویں تاریخ کے روزے میں کسی کا اختلاف نہیں جبکہ گیارہویں کے روزے میں بعض ائمہ کا اختلاف ہے، اسکے علاوہ روایتِ مرفوعہ جس میں "او بعدہ" (یعنی گیارہویں تاریخ کے روزے) کا ذکر ہے اس کو ایک راوی محمد بن ابی لیلیٰ کی وجہ سے متکلم فیہ قرار دیا گیا، اس لئے اختلاف سے بچنے کے لئے اگر نو محرم اور دس محرم کے روزے کو دس اور گیارہ محرم کے روزے کے مقابلہ میں افضل کہا جائے تو اسکی گنجائش ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ : صُومُوا التَّاسِعَ وَالْعَاشِرَ وَخَالِفُوا الْيَهُودَ. وَرَوَاهُ أَيْضًا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي يَزِيدَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ كَذَلِكَ مَوْقُوفًا.[السنن الكبرى للبيهقي وفي ذيله الجوهر النقي ۴/ ۲۸۷]

عن الحسن عن ابن عباس : قال أمر رسول الله صلى الله عليه و سلم بصوم يوم عاشوراء يوم العاشر قال أبو عيسى حديث ابن عباس حسن صحيح واختلف أهل العلم في يوم عاشوراء فقال بعضهم يوم التاسع وروي عن ابن عباس أنه قال صوموا التاسع والعاشر وخالفوا اليهود وبهذا الحديث يقول الشافعي و أحمد و إسحق [سنن الترمذي ۳/ ۱۲۸]

وروينا عن ابن عباس أنه قال صوموا التاسع والعاشر وخالفوا اليهود كما أخرجه أبو عبد الله الحافظ نا أبو العباس محمد بن يعقوب نا بكار بن قتيبة نا يزيد بن عبادة نا ابن جريج أخبرني عطاء أنه سمع ابن عباس يقول خالفوا اليهود صوموا التاسع والعاشر [البيهقي ٣/ ٣٦٩]

وَقَالَ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ : " صُومُوا التَّاسِعَ وَالْعَاشِرَ ، وَخَالِفُوا الْيَهُودَ " ذَكَرَهُ الْبَيْهَقِيُّ . وَعَنْهُ يُبَيِّنُ أَنَّ قَوْلَ ابْنِ عَبَّاسٍ " إِذَا رَأَيْتَ هِلَالَ الْمُحَرَّمِ فَاعْدُدْ ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ التَّاسِعِ فَأَصْبِحْ صَائِمًا " أَنَّهُ لَيْسَ الْمُرَادُ بِهِ : أَنْ عَاشُورَاءَ هُوَ التَّاسِعُ ، بَلْ أَمَرَهُ أَنْ يَصُومَ الْيَوْمَ التَّاسِعَ قَبْلَ عَاشُورَاءَ. [نصب الراية ٢/ ٤٦٠]

وإيضاح مشكلاته ١/ ٤٩٧]

حَدِيثُ: [لَئِنْ عِشْتُ إِلَى قَابِلٍ لَأَصُومَنَّ التَّاسِعَ]. مُسْلِمٌ مِنْ حَدِيثِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِنْ أَوْجُهٍ عَنْهُ، وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ مِنْ رِوَايَةِ أَبِي أَبِي لَيْلَى، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِلَفْظِ: [لَئِنْ بَقِيتُ إِلَى قَابِلٍ لَأَمُرَنَّ بِصِيَامِ يَوْمٍ قَبْلَهُ أَوْ يَوْمٍ بَعْدَهُ، يَوْمَ عَاشُورَاءَ]. قَوْلُهُ: وَفِي صَوْمِ التَّاسِعِ مَقَالٌ، مَنْشَؤُهُ مِنْ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ: أَحَدُهُمَا الِاحْتِيَاطُ فَإِنَّهُ رُبَّمَا وَقَعَ فِي الْهِلَالِ غَلَطٌ فَيَظُنُّ الْعَاشِرَ التَّاسِعَ، وَثَانِيهِمَا مُخَالَفَةُ الْيَهُودِ فَإِنَّهُمْ لَا يَصُومُونَ إِلَّا يَوْمًا وَاحِدًا، فَعَلَى هَذَا لَوْ لَمْ يَصُمْ التَّاسِعَ اُسْتُحِبَّ لَهُ صَوْمُ الْحَادِي عَشَرَ انْتَهَى. وَالْمَعْيَارُ كَمَا قَالَ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ مَنْقُولَانِ، وَكَذَا الْقِيَاسُ الَّذِي ذَكَرَهُ مَنْقُولٌ عَنْهُ كَمَا مَرَّ مَرْفُوعًا مِنْ رِوَايَتِهِ. وَقَدْ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ مِنْ طَرِيقِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَصُومُ عَاشُورَاءَ وَيَأْمُرُنَا وَيُوَالِي بَيْنَهُمَا مَخَافَةَ أَنْ يَفُوتَهُ هَذَا الْمَعْنَى الْأَوَّلُ، وَأَمَّا الْمَعْنَى الثَّانِي فَقَالَ الشَّافِعِيُّ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي يَزِيدَ يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ: " صُومُوا التَّاسِعَ وَالْعَاشِرَ، وَلَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ ". وَفِي رِوَايَةٍ لِلْبَيْهَقِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوعًا: [إِنْ بَقِيتُ لَآمُرَنَّ بِصِيَامِ يَوْمٍ قَبْلَهُ أَوْ يَوْمٍ بَعْدَهُ]. كَمَا تَقَدَّمَ، وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ [صُومُوا عَاشُورَاءَ، وَخَالِفُوا الْيَهُودَ، صُومُوا قَبْلَهُ يَوْمًا أَوْ بَعْدَهُ يَوْمًا]. [التلخيص الحبير في تخريج أحاديث الرافعي الكبير ٢/ ٨٠٠]

قال الحافظ وعلى هذا فصيام عاشوراء على ثلاث مراتب أفرادا أن يصام وحده وفوقه أن يصام التاسع معه وفوقه أن يصام التاسع والحادي عشر انتهى (وبهذا الحديث يقول الشافعي وأحمد وإسحاق) قال النووي قال الشافعي وأصحابه وأحمد وإسحاق والجمهور يستحب صوم التاسع والعاشر جميعا لأن النبي صلى الله عليه و سلم صام العاشر ونوى صيام التاسع وقد سبق في صحيح مسلم في كتاب الصلاة من رواية أبي هريرة أن النبي صلى الله عليه و سلم قال أفضل الصيام بعد رمضان شهر الله المحرم انتهى كلام النووي [تحفة الأحوذي ٣/ ٣٨٤]

وفي العرف الشذي للكشميري (٢/ ٢٥٥)

وأقول:لا احتياج إلى هذه التأويلات فإن مراده أن الصيام يوم التاسع أيضاً منضماً مع العاشر لا أن يوم التاسع يوم عاشوراء ، وكذلك مروي مرفوعاً وموقوفاً كما في معاني الآثار ص (٣٣٨) ، ج (١) عنه عليه الصلاة والسلام < صوموه وصوموا قبله يوماً وبعده يوماً لا تشبهوا باليهود إلخ وفي سنده محمد بن أبي ليلى ، وأما الموقوف على ابن عباس فهذه قوي وفي كتاب الطحاوي أيضاً بعض الروايات صارت موهمة إلى ما نسب إلى ابن عباس ، وحاصل الشريعة أن الأفضل صوم عاشوراء وصوم يوم قبله وبعده ، ثم الأدون منه صوم عاشوراء مع صوم يوم قبله أو بعده ، ثم الأدون صوم يوم عاشوراء فقط . والثلاثة عبادات عظمى ، وأما ما في الدر المختار من كراهة صوم عاشوراء منفرداً تحريماً فلا بد من التأويل فيه أي أنها عبادة منفصلة من القسمين الباقيين ، ولا يحكم بكراهة فإنه عليه الصلاة والسلام صام مدة عمره صوم عاشوراء منفرداً وتمنى أنه لو بقي إلى المستقبل صام يوماً معه

واللہ اعلم بالصواب

الجواب صحیح

احقر محمد انعام غفر اللہ لہ

مفتی دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

۱۴ محرم الحرام ۱۴۳۸ ہجری

۱۶ اکتوبر 2016 عیسوی

الجواب صحیح

محمد تقی عثمانی عفی عنہ

۳-۳-۱۴۳۸ھ

احقر شاہ محمد تفضل علی

دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

۱۴ محرم الحرام ۱۴۳۸ ہجری

16 / اکتوبر 2016 عیسوی

الجواب صحیح

محمد عبد المنان نورپوری

۱۵/۱/۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

۱۵/۱/۱۴۳۸